معرفت

جہالت اور فرقہ واریت کے خاتمے کے حل کیلئے بریلوی و دیوبندی
علماء سے بالخصوص اور ہر مسلمان سے بالعموم چند اہم

گذارشات

ملفوظاتِ طیبات پیرِ طریقت رہبرِ شریعت

فقیر محمد رضوان داؤدی دامت برکاتہم

عن الخطا ذات انسانوں میں صرف انبیاء کرام کی ہے اور کسی کا دعویٰ نہیں کہ میں اپنا ایمان بچا کر نکل جاؤں گا مگر جسے اللہ کریم چاہے وہی خوش نصیب ہوگا۔

کتاب لکھنے کا مقصد

اس کتاب کو لکھنے کا مقصد پیسے کمانا اور استغفراللہ کوئی علمیت کا اظہار کرنا نہیں بلکہ مسلمانوں کا شعور اجاگر کر کے ان کو دین کی طرف لانا ہے۔ یہ کتاب ایک قطرہ ہے اور قرآن پاک فرماتا ہے کہ: وفوق کل ذی علم علیم (سورۃ یوسف) (ہر علم والے کہ اوپر ایک علم والا ہے)۔

اس کتاب پر تنقید کرنے کی بجائے اگر کوئی مسلمان دین کا درد رکھتے ہوئے مسلمانوں کیلیئے بہتر سے بہتر حل پیش کرے تو اللہ کریم ضرور قبول فرمائے گا۔ اس مذہب نے ہمیں پالا ہے اور اب اس مذہب کو کسی محی الدین کی ضرورت ہے۔

وقت کے تمام اولیاء کرام اور نیک لوگوں سے سوال ہے جن کی دعائیں قبولیت کا شرف پاتی ہیں کہ وہ مسلمانوں کے اتحاد کے لئے اور مُلک پاکستان کی آزادی کے لئے دعا فرما دیں تا کہ ہمارا دین زندہ ہو سکے۔

☆ ☆ ☆